# بلوچستان صوبائی اسمبلی

بروز جمعہ مورخہ 21/فروری 2020ء

## نشان زدہ سوالات اورانکے جوابات

## محکمہ صحت

### ☆116 نصراللہ زیرے رکن اسمبلی

کیاوزیرصحت ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔

شیخ خلیفہ بن زید ہسپتال کوئٹہ کے مختلف شعبوں میں تعینات کنٹریکٹ ڈاکٹرز نیز اٹیچمنٹ اور کنٹیجنسی کی بنیادوں پر تعینات کردہ ملازمین کے نام بمعہ ولدیت ،عہدہ ،گریڈ ،تعلیمی قابلیت ،تاریخ تعیناتی اورلوکل/ ڈومیسائل کی تفصیل دی جائے نیز جس رولز کے تحت مذکورہ تعیناتیاں عمل میں لائی گئی ہیں کی تفصیل بھی دی جائے۔

**وزیرصحت**

شیخ خلیفہ بن زید ہسپتال میں سال 2018 میں 9 میڈیکل آفیسر۔ 8 لیڈی میڈیکل آفیسر اور 5 ڈینٹل سرجن کنٹریکٹ کی بنیاد پر تعینات کئے گئے ہیں۔ تفصیل آخر پرمنسلک ہے

### ☆117 نصراللہ زیرے رکن اسمبلی

کیاوزیرصحت ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔

نواب غوث بخش رئیسانی میموریل ہسپتال مستونگ میں تعینات کنٹریکٹ ڈاکٹرز، اٹیچمنٹ اور کنٹیجنسی کی بنیادوں پر تعینات کردہ ملازمین کے نام بمعہ ولدیت ،عہدہ ،گریڈ ،تعلیمی قابلیت ،تاریخ تعیناتی اورلوکل/ ڈومیسائل کی تفصیل دی جائے نیز جس رولز کے تحت تعیناتی کی گئی ہے تفصیل دی جائے

**وزیرصحت**

نواب غوث بخش رئیسانی میموریل ہسپتال مستونگ میں تعینات کردہ ملازمین کی کل تعداد ان کے نام بمعہ ولدیت عہدہ

گریڈ تعلیمی قابلیت تاریخ تعیناتی اور لوکل / ڈومیسائل کی تفصیل ضخیم ہے لہذا اسمبلی لائبریری میں ملاحظہ فرمائیں ۔

☆221 **میر زابد علی ریکی رُکن اسمبلی** **21/نومبر 2019 کو مؤخر شدہ**

کیا وزیر صحت از راہ کرم مطلع فرماہیں گے کہ۔

ضلعی ہیڈ کوارٹر ہسپتال واشک میں تعینات کردہ میل اور فیمیل ڈاکٹرز کی کل تعداد کتنی ہے ان کے نام بمعہ ولدیت، عہدہ اور جائے سکونت کی تفصیل دی جائے نیز مالی سال 20-2019 کے بجٹ میں مذکورہ ضلعی ہسپتال کیلئے ادویات کی مد میں مختص کردہ رقم میں سے تا حال جاری کردہ رقم کی تفصیل بھی دی جائے۔

**وزیر صحت**

فی الحال ڈی ایچ کیو ہسپتال واشک زیر تعمیر ہے اور جوں ھی مذکورہ ہسپتال کی تعمیر مکمل ہو جائیگی اس کے بعد منظور کردہ پوسٹوں کے مطابق میل اور فیمیل ڈاکٹرز / سرجن / فزیشن اور اسٹاف کی تعیناتی عمل میں لائی جائے گی۔

☆222 **میر زابد علی ریکی رُکن اسمبلی** **21/نومبر 2019 کو مؤخر شدہ**

کیا وزیر صحت از راہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔

ضلع واشک کے عوام کو علاج و معالجہ کی سہولت فراہم کرنیکی غرض سے قائم کردہ بی، ایچ، یو ز آر، ایچ سینٹرز اور ڈسپینسریز کی کل تعداد کتنی ہے۔ اور یہ مذکورہ ضلع کے کن کن علاقوں میں قائم کئے گئے ہیں نیز ان میں تعینات کردہ ملازمین کے نام بمعہ ولدیت، عہدہ، گریڈ اور جائے سکونت کی بھی تفصیل دی جائے۔

**وزیر صحت**

ضلع واشک کے عوام کو علاج معالجہ کی سہولت فراہم کرنے کے غرض سے قائم کردہ بی ایچ یوز، آر ایچ سینٹرز اور ڈسپنسریز کے تعداد کی علاقہ وار نیز ان میں تعینات کردہ ملازمین کے نام بمعہ ولدیت عہدہ گریڈ اور جائے سکونت کی تفصیل ضخیم ہے لہذا اسمبلی لائبریری میں ملاحظہ فرمائیں۔

سیکرٹری

بلوچستان صوبائی اسمبلی

کوئٹہ

مورخہ 20 فروری 2020ء